# 06-07-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ اور آندھرا پردیش کے وزرائے اعلیٰ کی حیدرآباد میں آج شام ملاقات ہوگی، جس میں بین ریاستی زیر التوا مسائل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

۲۔ پارلیمنٹ کا بجٹ سیشن اس ماہ کی 22 تاریخ سے شروع ہوگا۔ وزیر پارلیمانی امور کرن رججو نے اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں بتایا کہ یہ سیشن 12 اگست تک جاری رہے گا۔

۳۔ راجیہ سبھا کے سابق رکن کیشو راو جنہوں نے بی آر ایس سے انحراف کرتے ہوئے کانگریس میں شمولیت اختیار کی کو تلنگانہ حکومت میں عوامی امور کا مشیر بنایا گیا ہے۔

اور

۴۔نلگنڈہ پولیس نے خطرناک ڈاکوؤں کے پاردھی گروہ کو گرفتار کرتے ہوئے ان کے پاس سے جرائم میں استعمال ہتھیار ضبط کر لئے۔

☆☆☆

مرکزی وزارت داخلہ نے واضح کیا ہے کہ نیٹ کونسلنگ کو ملتوی کرنے سے متعلق خبریں غیر درست ہیں کیونکہ کونسلنگ کی تاریخ کا ہنوز اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ یہ وضاحت ان میڈیا رپورٹس کے درمیان آئی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ نیٹ یو جی کونسلنگ کو ملتوی کردیا گیا ہے۔

☆☆☆

مرکزی وزارت امور صارفین کے تحت محکمہ امور صارفین (ڈی او سی اے) نے RIGHT TO REPAIR PORTAL INDIA متعارف کی ہے۔اس سے صارفین کو ان کے پراڈکٹس کی مرمت سے متعلق معلومات آسانی سے مل سکیں گی۔اس سے ان کو ان کے دوبارہ استعمال، معمول کی معیشت میں رول ادا کرنے کے ساتھ ساتھ رکاوٹ سے پاک انداز میں ای ویسٹ کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔محکمہ نے آٹو موبائل اسوسی ایشنس کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سکریٹری محکمہ امور صارفین ندھی کھیرے نے مرمت کے مینول ویڈیوز کو بہتر بنانے، تھرڈ پارٹی رپیر سرویس کے لئے ایکو سسٹم کو مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

☆☆☆

ملک نے سابق نائب وزیر اعظم بابو جگجیون رام کو ان کی 38 ویں برسی کے موقع پر خراج پیش کیا۔لوک سبھا کی سابق اسپیکر میرا کمار نے اپنے ارکان خاندان کے ساتھ نئی دہلی کے شانتی استھل میں آج صبح بابو جگجیون رام کی یادگار پر پھول نچھاور کئے۔بابو جگجیون رام نے جدوجہد آزادی میں کافی سرگرم رول ادا کیا تھا۔

☆☆☆

بی آر ایس لیڈر رنجن نے کہا ہے کہ کانگریس کی قیادت جو انحراف کی حوصلہ افزائی کررہی ہے، اس مسئلہ پر وضاحت کرے۔انہوں نے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ و اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی کے نام لکھے گئے مکتوب کو میڈیا کیلئے جاری کرتے ہوئے انہوں نے نشاندہی کی کہ کانگریس نے اپنے انتخابی منشور میں انحراف کو روکنے کا وعدہ کیا تھا تاہم وہ اس عہد کو پورا کرنے میں ناکام رہی۔انہوں نے کانگریس لیڈر راہل گاندھی پر نکتہ چینی کی اور کہا کہ انحراف کو روکنے میں پابند عہد ہونے میں انہوں نے دوہرا معیار اختیار کیا ہے۔

☆☆☆

گدوال کے بی آر ایس رکن اسمبلی بی کرشنا موہن ریڈی نے حیدرآباد میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیامگاہ پر کانگریس میں شمولیت اختیار کرلی۔ ریاست کی حکمراں جماعت میں شمولیت اختیار کرنے والے وہ ساتویں رکن اسمبلی ہیں۔ تاحال بی آر ایس کے 6 ارکان اسمبلی کڈیم سری ہری، ڈی ناگیندر، ٹی وینکٹ راؤ، پوچارام سرینواس ریڈی، سنجے کمار اور کے یادیا کانگریس میں شامل ہوچکے ہیں۔

☆☆☆

راجیہ سبھا کے سابق رکن کیشو راو جنہوں نے بی آر ایس سے انحراف کرتے ہوئے کانگریس میں شمولیت اختیار کی کو تلنگانہ حکومت میں عوامی امور کا مشیر بنایا گیا ہے۔ ان کو کابینی وزیر کا درجہ دیا گیا ہے۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے اس سلسلہ میں ہفتہ کو احکام جاری کئے۔ کیشو راو نے راجیہ سبھا کی رکنیت سے استعفی دے دیا۔ ان کا استعفی منظور کرلیا گیا۔ وزیراعلی ریونت ریڈی نے اس ہفتہ کے اوائل میں دورہ دہلی کے موقع پر کہا تھا کہ کیشو راو کو تلنگانہ حکومت کا مشیر بنایا جائے گا۔ اسی سلسلہ میں ہفتہ کو احکام جاری کئے گئے۔ 2013ء میں کے سی آر زیر قیادت بی آر ایس میں شمولیت سے قبل تقریباً 55 برس تک کیشو راؤ کی کانگریس سے وفاداری رہی تھی۔ ان کی دختر میئر حیدرآباد جی وجئے لکشمی نے بی آر ایس چھوڑ کر مارچ میں کانگریس میں شمولیت اختیار کی تھی۔

☆☆☆

قلعہ گولکنڈہ کی جگدمبیکا مندر کل سے شروع ہونے والے بونال فیسٹول کے لئے تیار ہے۔ اِس مندر سے ایک ماہ طویل بونال فیسٹول کا آغاز ہوگا، جس کے بعد آنے والے اتوار کو شہر کے دیگر حصوں سے بونال فیسٹول شروع ہوگا اور اس کا اختتام آشاڈم کے مہینہ میں ہوگا۔ مختلف محکمہ جات کے عہدیداروں کے ساتھ اجلاس منعقد کیا گیا۔ کمشنر پولیس حیدرآباد سرینواس ریڈی اور ضلع کلکٹر حیدرآباد انودیپ دوری شٹی نے گزشتہ روز انتظامات کا جائزہ لیا۔

☆☆☆

تلنگانہ اور آندھرا پردیش کے وزرائے اعلیٰ کی حیدرآباد میں آج شام ملاقات ہوگی، جس میں بین ریاستی زیرالتوا مسائل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ چندرا بابو نائیڈو پرجا بھون میں یہ ملاقات کریں گے۔ دونوں طرف کے بعض وزراء اور عہدیدار بھی اِس اجلاس میں شریک ہوں گے۔ تلنگانہ کی تشکیل 10 سال کے بعد دونوں ریاستوں میں اثاثہ جات کی تقسیم، ریاست کی جانب سے چلائے جانے والے اداروں، برقی کے واجب الادا بلز، باقی ماندہ ملازمین کا متعلقہ ریاستوں میں تبادلہ، دونوں تلگو ریاستوں کے درمیان اُن مسائل میں شامل ہیں، جو حل نہیں ہوسکے۔

☆☆☆

نلگنڈہ پولیس نے خطرناک ڈاکوؤں کے پاردھی گروہ کو گرفتار کرتے ہوئے ان کے پاس سے جرائم میں استعمال ہتھیار ضبط کرلئے۔ نلگنڈہ کے ایس پی شرد چندر پوار نے کہا کہ اِس گروہ کے دو ارکان کی شناخت مزدور پیشہ 30 سالہ پانڈورنگا اور 30 سالہ کسان ایس اشوک کے طور پر کی گئی ہے، جو مہاراشٹرا کے رہنے والے ہیں، جبکہ دیگر دو ارکان کشمیر ششی پال گھوسلے اور انیل کھالے مفرور بتائے گئے ہیں۔ یہ گروہ جرائم کے 32 معاملات بشمول نلگنڈہ میں قتل کی واردات میں ملوث ہے۔ نلگنڈہ میں جرائم کی وارداتوں کے علاوہ یہ گروہ رچہ کنڈہ پولیس کمشنریٹ حدود میں 13 وارداتوں، سنگاریڈی میں 11 اور سائبرآباد پولیس کمشنریٹ حدود میں 12 وارداتوں میں ملوث ہے۔

☆☆☆

پارلیمنٹ کا بجٹ سیشن اس ماہ کی 22 تاریخ سے شروع ہوگا۔ وزیر پارلیمانی امور کرن رجیجو نے اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں بتایا کہ یہ سیشن 12 اگست تک جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ 23 جولائی کو لوک سبھا میں بجٹ 25-2024ء پیش کیا جائے گا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بجٹ سیشن کے لئے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے اجلاس کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔

☆☆☆

سکندرآباداورواسکوڈی گاما (گوا) کے درمیان ہفتہ میں دومرتبہ چلائی جانے والی اکسپریس ٹرین متعارف کی جائے گی۔ مرکزی وزیرکوئلہ وکانکنی کشن ریڈی نے کہا کہ انہوں نے حالیہ ملاقات کے دوران وزیرریلوے سے اس مسئلہ پر بات چیت کی۔ وزیرریلوے اشونی ویشنو نے اِس پر مثبت ردِعمل ظاہر کیا۔ جس کے نتیجہ میں ہفتہ میں دومرتبہ چلائی جانے والی نئی ٹرین کے آغاز کا اعلان کیا گیا۔ کشن ریڈی نے اِس فیصلہ پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم مودی اوروزیرریلوے سے اظہارتشکر کیا۔

☆☆☆

تلنگانہ بی جے پی نے بھارتیہ جن سن کے بانی شیاماپرسادمکرجی کوان کی یوم پیدائش پربھرپورخراجِ عقیدت پیش کیا۔ پارٹی کے ریاستی ہیڈکوارٹرنامپلی حیدرآباد میں اِس سلسلہ میں تقریب منعقد کی گئی، جس موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے بی جے پی اوبی سی مورچہ کے قومی صدرورکن راجیہ سبھاڈاکٹرلکشمن نے ستائش کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرمکرجی ایک عظیم محبّ وطن تھے، جنہوں نے ملک کے اتحاداوریکجہتی کے لئے اپنی جان کی قربانی دی۔ انہوں نے کشمیر کے لئے خصوصی اختیارات اورخودمختاری کی مکرجی کی جانب سے شدیدمخالفت کواجاگرکیا۔ ساتھ ہی انہوں نے دفعہ 370 کے خلاف ان کی مہم اورملک کے اتحاد کے لئے ان کے عزم کوبھی یادکیا۔

☆☆☆

ضلع کلکٹرمنچریال کماردیپک نے کہا ہے کہ جولائی کے لئے سالانہ کریڈیٹ پلان مالی سال 25-2024ء کے لئے 6066 کروڑروپے رکھا گیا ہے۔ انہوں نے بینکرس سے خواہش کی کہ وہ اِس نشانہ کوحاصل کریں۔ انہوں نے بینکرس کے ساتھ آج اجلاس منعقد کیا۔ یہ کہتے ہوئے کہ 4540 کروڑروپے 31 مارچ تک مختلف شعبہ جات کے لئے منظورکئے گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ فصل پرقرضوں کے لئے 1435 کروڑروپے رکھے گئے ہیں۔ زراعت اور اس سے متعلق شعبہ جات کے لئے بالترتیب 2140 کروڑاور 560 کروڑروپے الاٹ کئے گئے ہیں۔ چھوٹے ترین، چھوٹے اوراوسط درجہ کے تاجروں کے لئے 826 کروڑروپے مالیت کے قرضہ جات دئے جائیں گے۔